## بقیہ 1

علاج ہوگا، کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے لمبی لمبی تاریخیں نہیں دی جائیں گی، جبکہ کینسر کے مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں ہوگا یہ مریم نواز کا پنجاب میں صحت کے شعبے میں سب سے بڑا انقلابی اقدام ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لاہور میں پاکستان کا سب سے بڑا ایک ہزار بستروں پر مشتمل نواز شریف کینسر اسپتال بھی مکمل ہو چکا ہے، نواز شریف کینسر اسپتال ایک اسٹیٹ آف دی آرٹ منصوبہ ہے اور پی کے ایل آئی کی طرح یہ ہسپتال بھی دنیا میں پاکستان کی پہچان بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز پنجاب کو جدید ترین اور ترقی یافتہ صوبہ بنا رہی ہیں، مریم نواز کا کسی صوبائی حکومت سے کوئی مقابلہ یا موازنہ نہیں جو لوگ کارکردگی میں مریم نواز سے مقابلہ نہیں کر سکتے، وہ ذاتی حملے کر کے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں کچھ لوگوں کی سیاست ہی مریم نواز کے مرہونِ منت ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ دربدر ٹھوکریں کھانے کے بعد وفاق پر چڑھائی کی کوشش کر رہا ہے، 9 مئی اور 26 نومبر کی ناکام بغاوتیں بانی پی ٹی آئی کے گلے کا پہلے ہی طوق بنی ہوئی ہیں اور اب 27 ستمبر کو تیسری بغاوت کی پلاننگ کی جا رہی ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے والدین اپنے بچوں کو بانی پی ٹی آئی کی بغاوتوں سے دور رکھیں ان کے اپنے بچے لندن میں لگژری زندگی گزار رہے ہیں اور وہ خیبر پختونخوا کے بچوں کو ایک بار پھر اپنے ناپاک عزائم کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

زیادہ خطرے والے اور زیادہ نقل و حرکت والے علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ راولپنڈی کی جغرافیائی اور آبادیاتی صورتحال کے پیش نظر ایسے بچوں تک رسائی انتہائی اہم ہے جو سفر، عارضی نقل مکانی یا دیگر وجوہات کی بنا پر اپنے گھروں پر موجود نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کی نقل و حرکت پولیو پروگرام کے لیے ایک اہم چیلنج ہے، کیونکہ ایک علاقے سے دوسرے علاقے میں منتقل ہونے والے خاندانوں کے بچوں تک مسلسل رسائی برقرار رکھنا ضروری ہے۔ ٹرانزٹ ویکسی نیشن اس حکمت عملی کا اہم حصہ ہے تاکہ سفر کرنے والا کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہ جائے۔ ڈاکٹر احسان غنی نے کہا کہ "کوئی بچہ سفر میں ہونے کی وجہ سے پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔" انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور پانچ سال سے کم عمر اپنے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ انہوں نے بتایا کہ راولپنڈی میں گھر گھر ویکسی نیشن کے لیے موبائل ٹیمیں، فکسڈ مراکز اور ٹرانزٹ ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ ٹیمیں ان بچوں تک بھی رسائی یقینی بنائیں گی جو مہم کے دوران اپنے گھروں پر موجود نہیں ہوں گے۔ منظم ٹرانزٹ ویکسی نیشن ماضی کی مہمات میں بھی ایسے بچوں تک رسائی کا اہم ذریعہ رہی ہے۔ ڈاکٹر احسان غنی نے کہا کہ راولپنڈی میں مہم کی مؤثر نگرانی، ٹیموں کی فیلڈ سپرویژن اور مسنگ بچوں کی فوری فالو اپ کوریج پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی رہ جانے والے بچے کو مہم کے اختتام تک کور کرنے کے لیے ضلعی ٹیمیں مربوط انداز میں کام کریں گی۔

